PAKISTAN MEDICAL ASSOCIATION

Hon. President
Dr. Ikram Ahmed Tunio

Hon. President Elect
Dr. Salma Aslam Kundi

Hon. Immediate Past President
Dr. Muhammad Ashraf Nizami

Hon. Secretary General
Dr. S.M.Qaisar Sajjad

Hon. Treasurer
Dr. Qazi Muhammad Wasiq

Hon. Joint Secretaries
Dr. Amir Saleem

Dr. Saeed Ahmed

Hon. Chairman E.B. JPMA
Dr. Sarwar Jamil Siddiqui

Hon. Editor The Medical Gazette
Dr. Muhammad Nasir Sulaiman

19 اگست 2019

پریس ریلیز

پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن حکومت پنجاب کی جانب سے سرکاری ہسپتالوں میں تمام تشخیصی سہولیات پر بڑھائی جانے والی فیسوں پر سخت تشویش کا اظہار کرتی ہے۔حکومت پنجاب کے اس اقدام سے سرکاری ہسپتالوں میں جانے والے مریض سخت معاشی مشکلات کا شکار ہو جائیں گے۔حکومت پنجاب کے اس ظالمانہ اقدام سے غریب عوام کے مسائل میں مزید اضافہ ہوگا۔ یہ ظلم کسی بھی طرح سے قابل قبول نہیں کیونکہ صحت پاکستانی عوام کا بنیادی حق ہے اور آپ ان کو اس حق سے محروم نہیں رکھ سکتے آپ کے اس بے رحم فیصلے کا مطلب ہے کہ غریبوں کو بغیر تشخیص اور علاج کے مرنے دیا جائے۔

اس نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت روزمرہ کے ہونے والے ضروری ٹیسٹوں پر بہت زیادہ فیس وصول کرے گی جیسے سٹی سکین پر 2500/- روپے، ای سی جی 100/- روپے، الٹرا ساؤنڈ 150/- روپے، ایکسرے 60/- روپے، سی بی سی ٹیسٹ 200/- روپے، لیور (LFT) کے ٹیسٹ 300/- روپے۔ کوگیولیشن پروفائل 400/- روپے، آر اے فیکٹر 110/- روپے، اینٹی ایچ سی وی سکریننگ 75/- روپے، فلیوڈ روٹین 200/- روپے، ایچ بی ایس اے جی 300/- روپے، ایچ بی اے آئی سی 350/- روپے، ٹروپ ٹی 600/- روپے، لیپڈ پروفائل 250/- روپے، تھائرائڈ پروفائل 900/- روپے اے بی جی ایس 700/- روپے، کارڈیک اینزائم 325/- روپے، سیرم بلوروبن 110/- روپے، ایچ پلیوری 600/- روپے، مائیکوڈاڈ 400/- روپے اور اسی طرح دوسرے تمام ٹیسٹوں پر بھاری فیسیں وصول کی جائیں گی۔

پی ایم اے حکومت پنجاب سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ اس نوٹیفکیشن کو فوری طور پر واپس لے تاکہ غریب مریض سکھ کا سانس لے سکیں کیونکہ علاج کیلئے سرکاری ہسپتالوں میں جانے کے علاوہ ان کے پاس کوئی چارہ نہیں۔

ڈاکٹر ایس ایم قیصر سجاد
سیکریٹری جنرل
پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن سینٹر

Aga Khan III Road, Karachi – 74400, Pakistan.
Tel: 021-32254632, 32251159, Fax: 32231534
Email: pma.centre@hotmail.com, Website: pmacentre.org.pk